تذکرہ

غوث الزمان

جناب السید عبدالوہاب صاحبؒ
المعروف
اخوند پنجو صاحب

اکبرپورہ۔ پشاور

از

صاحبزادہ حبیب الرحمٰن (گڑیالہ۔ مردان)

اپریل 1987

نظر ثانی

سید عطاء الرحمٰن باچہ اخون خیل دوبیان (مردان)

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
1-	تشکر	6
2-	پیش لفظ	7
	باب اول	
3-	سید عبدالوہاب اخوند پنجو صاحبؒ کے ابتدائی حالات	8
4-	گجو خان اتر کیئے سے ہجرت	9
5-	مصری پورہ (اکبرپورہ) - چوبا گجر روانگی	9
6-	چوبا گجر میں انوکھا واقعہ	9
7-	اخوند پنجو صاحبؒ کا حصول علم و ریاضت	10
8-	اخوند پنجو صاحبؒ کی بیعت و مراتب	10
9-	اکبرپورہ کی ابتدائی تعمیر	10
10-	جلال الدین اکبر بادشاہ کی حاضری	11
11-	اخوند پنجو صاحبؒ کے خاص، خاص مریدوں کا مختصر حال	11
12-	اخوند پنجو صاحبؒ کا طریقہ عبادت و ریاضت	12
13-	تاریکی فرقہ اور فسادات	13
14-	اخوند پنجو کے لقب کی وجہ تسمیہ	13
	باب دوم	
1-	اخوند پنجو صاحبؒ کی چیدہ چیدہ کرامات (واقعہ پیر تاریکی سرمست)	15
2-	ہندو براتیوں کا قبول اسلام	15
3-	اخوند پنجو صاحبؒ کی حالت استغراق	15
4-	علاقے کے علماء کی باباجی کے خلاف سازش	16
5-	بحری جہاز کو غرقابی سے بچانا	16
6-	میر احمد شاہ صاحب کے بھانجے کی کہانی	17
7-	میر احمد شاہ صاحب کے بیٹے کی کہانی	17
8-	سردار دریا خان کا واقعہ	17
9-	ہندوستانی شہزادے کا واقعہ	18
10-	اخوند پنجو صاحبؒ کی وفات حسرت آیات	18
11-	برصغیر کے چیدہ چیدہ حسینی سادات کے اولیائے کرامؒ	19

باب سوم

1- اخوند پنجو صاحبؒ کے پیران طریقت کا شجرہ مبارکہ — 21

باب چہارم

1- اخوند پنجو صاحبؒ کا شجرہ نسب — 22

2- اخوند پنجو صاحبؒ کے بڑے فرزند میاں عثمان صاحب کی اولاد۔ — 23

(الف) سید نصر الدین بن حافظ شمس الدین بن سید عبدالرحمن بن سید یوسف بن میاں عثمان صاحب کی اولاد
رستم، گریالہ، گجرات، ادینہ اور ترنگزئی — 23

(ب) شجرہ سید صلاح الدین صاحب (حمزہ کوٹ باباجی) — 28

سید محمد دین صاحب۔ طورو۔ مردان — 28

سید محمد حسن صاحب (میاں صاحب) طورو۔ کٹی گڑھی۔ — 28

سید معین الدین صاحب (ذکری میاں صاحب) طورو۔ — 30

سید نظام الدین صاحب (جی صاحب) طورو۔ — 30

1- نور کمال صاحب، حمزہ کوٹ، عربی بانڈہ، کس کورونہ۔ — 31

2- قطب عالم صاحب، نور عالم صاحب، گجرات۔ — 33

3- محمد یونس صاحب۔ طورو۔ عربی بانڈہ۔ — 34

4- محمد یوسف صاحب۔ طورو — 34

(ج) شجرہ سید معظم الدین صاحب۔ طورو — 35

(د) شجرہ سید سعد الدین صاحب (نامعلوم) — 35

3- شجرہ حافظ رحم الدین صاحب بن سید یوسف بن میاں عثمان صاحب۔ — 36

4- شجرہ علی میاں صاحب بن میاں عثمان صاحب وابوبکر میاں صاحب بن میاں عثمان صاحب — 37

5- سید لقمان صاحب بن اخوند پنجو صاحبؒ — 37

6- میاں بہاؤالدین صاحب بن اخوند پنجو صاحبؒ۔ اکبرپورہ — 38

7- شجرہ میاں سید سلیمان صاحب بن اخوند پنجو صاحبؒ اکبرپورہ — 39

8- سید کرم الدین ولد سید بہاؤالدین دوبیان (مردان) — 43

دعا

ے نام سے ابتدا کر رہا ہوں
ی ذات ارفع تیری شان بالا
. ہے یہ عقدہ محمدؐ سے . سارا

ثنا خواں ہوں تیرا، ثنا پڑھ رہا ہوں
تیرے نور سے ہے یہ دنیا اجالا
صفت اس نبیؐ کی سدا کر رہا ہوں

تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

سولؐ خدا نے جو تعلیم دی تھی
ہے زندہ ابھی تک سبب اس کی یہ تھی

عمل اس پر پنجوؒ نے سختی سے کی تھی
حقیقت اسی کی بیاں کر رہا ہوں

تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

حرص سیم وزر میں ہم پھنس گئے ہیں
صحیح راہ پہ شمشادؔ علی چل گئے ہیں

جو راہ نجات تھی وہ ہم کھو گئے ہیں
طریقے اسی کی دعا کر رہا ہوں

تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

نمود و نمائش سے ہو ہم کو نفرت
ایمان ہو سلامت اور رسولؐ کی ہو قربت

جو راہ خدا ہو اسی میں ہے عظمت
پڑھا ہے جو میں نے وہی لکھ رہا ہوں

تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

یا الٰہی صدقہ تیرے عزت وجلال کا
ہے التجائے مغفرت پنجوؒ کی سب اولاد کا

صدقہ پیغمبر اور اس کے آل کا
ملی عظمتوں کی بکاہ کر رہا ہوں

تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

ـہ پیر طریقت شمشاد علی صاحب نے موجودہ مادی دور میں سرکاری نوکری چھوڑ کر درویشانہ زندگی اختیار کی اور اخوند پنجو صاحبؒ کی اولاد کی ناک رکھ لی۔

4

٦

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔

تشکر

جناب غوث زمان سید عبدالوہاب اخون پنجو صاحبؒ اور ان کی اولاد کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے میں نے مختلف کتابوں کا مطالعہ کیا جو ہمارے بزرگوں اور عقیدت مندوں نے پشتو اور فارسی زبانوں میں آج سے تین چار صد برس پہلے لکھی تھیں مگر ان مناقبوں میں بزرگوں کے اسمائے گرامی کے تلفظ اور تحریر میں فرق تھا۔ لہٰذا مجھے اس کی تصدیق و تصحیح کے لئے گاؤں گاؤں جانا پڑا مگر بڑی دشواری یہ پیش آتی رہی کہ تاریخ رہنمائی گنتی کے چند صاحبان کر سکے۔ جن کا میں بے حد شکر گزار ہوں۔ میں جہاں بھی گیا اور جس سے ملاقات ہوئی۔ ان میں یہی جذبہ پایا کہ اس کتاب کو جلد از جلد شائع کیا جائے مگر دشواری یہ تھی کہ اکثر حضرات کو اپنے آباؤ اجداد کا تاریخ علم نہیں تھا اور اس کے لئے وقت کی ضرورت تھی۔ لہٰذا میں سب سے اس طویل انتظار کے لئے معذرت خواہ ہوں۔ جن بزرگوں، بھائیوں اور برخورداروں نے معاونت کی۔ مجھے صحیح مواد حاصل کرنے کے لئے بے حد کوشش کی میں ان کا دلی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ان میں چند کے اسمائے گرامی تحریر کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں اور ان کو اس کامیابی پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

1۔ حاجی سید ہدایت الرحمٰن صاحب۔ طورو

2۔ پیر طریقت جناب شمشاد علی صاحب۔ اکبرپورہ

3۔ سید تجمل حسین شاہ صاحب و سید فدا حسین شاہ صاحب۔ اوینہ

4۔ ڈاکٹر سید ظہور احمد صاحب۔ گڑیالہ

سید محمد الرحمٰن شاہ دہ بہان

سپاس گزار:

صاحبزادہ حبیب الرحمٰن

المعروف صوبیدار بابا

گڑیا

اظہار تشکر

وہ قومیں جو اپنے آپ کو زندہ رکھنا چاہتی ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے آباء واجداد کے نقش قدم پر چلیں۔ اپنے بزرگوں کے افکار، ان کی علمی اور روحانی تگ و دو سے فائدہ اٹھانا ایک نیک قوم کا سرا ہو سکتا ہے۔ اسی نقطہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے اپنے جدامجد سید عبدالوہاب اخون خیل کے نام پر عیسوی سال 1983ء میں ایک انجمن بنائی۔ جس کا نام انجمن معتقدین اخون پنجو بابا رکھا گیا۔ اس انجمن نے اپنے جدامجد کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کی اور کامیابی سے اس کے قدم چومے۔ فی الحال یہ انجمن موضع دوبیان تک محدود ہے لیکن انشاءاللہ بہت جلد اس کا دائرہ کار وسیع ہو جائے گا تاکہ اس میں حضرت کی تمام اولاد کو شامل کیا جاسکے۔

ہمارے ہی خاندان کے ایک معروف فرزند جناب صاحبزادہ سید حبیب الرحمٰن المعروف صوبیدار باچہ (مرحوم) گڑیالہ نے اپنی کاوشوں سے ایک شجرہ مکمل کیا۔ جس کے لئے ہم سب ان کے مشکور ہیں اور ان کی مغفرت کیلئے دعاگو ہیں۔ اس شجرہ میں موضع دوبیان کا ذکر اور تفصیل موجود نہیں ہے۔ اس لئے نظرثانی شدہ شجرہ دوبارہ کتابی شکل میں شائع کرنا بہت ضروری ہے۔ اس کام کو ہمارے ہی ایک بھائی انجینئر سید ابراہیم شاہ صاحب جائنٹ سیکرٹری حکومت پاکستان اسلام آباد نے کرنے کا وعدہ کیا اور ہماری پوری مدد فرمائی جس کے لئے ہم ان کے مشکور ہیں۔ اس کے ساتھ اپنے ایک اور بھائی انجینئر سید محمد فاروق، ڈپٹی ڈائریکٹر پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان، اسلام آباد (کہ جن کا تعلق اپنی قوم کے رستم (مردان) شاخ سے ہے) کے بھی مشکور ہیں جنہوں نے اس کتاب کو مکمل کرنے اور چھپوانے میں ہماری پوری معاونت کی۔

سید عطاالرحمٰن باچہ،

سرپرست اعلیٰ،

انجمن اخون خیل و معتقدین اخون پنجو بابا،

دوبیان، ضلع صوابی (مردان)۔

شجرہ

اولاد سید بہاء الدین ولد سید عبدالوہاب اخون پنجو بابا

جس طرح اخون پنجو بابا کی اولاد صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں بسی ہوئی ہے۔ اسی طرح موضع دوبیان جو کہ مردان ڈویژن کی ایک سرسبز و شاداب سرزمین ہے، میں بھی آباد ہے۔ موضع دوبیان میں ان کا تعلق آپ کے بیٹے سید بہاؤ الدین" کی اولاد سے ہے۔ آپ کے بیٹے سید کرم الدین" کا مزار بھی اسی گاؤں میں ہے۔ سید کرم الدین" کے بیٹے سید طلب الدین کہ جن کا مزار بھی یہیں پر ہے کے دو بیٹے تھے۔ جن کے نام نامی سید ظہیر الدین اور سید قمر الدین تھے۔ انہی سے اخون خیل کی دو شاخیں موضع دوبیان میں پھیل گئیں۔

اس خاندان پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم و فضل ہے کہ اس میں ایک طرف بڑے جید علماء پیدا ہوئے اور دوسری طرف بڑی سیاسی شخصیات نے جنم لیا۔ ان میں جناب سید عبدالرحمٰن" اپنے وقت کے مشہور عالم شیخ الحدیث اور شیخ القرآن تھے۔ ان ہی کا فرزند جناب سید عبدالودود نہ صرف فاضل دیوبند تھے بلکہ اپنی قابلیت کی بنیاد پر دارالعلوم دیوبند میں مدرس بھی رہے۔ دوسری بڑی بات کہ آپ نہ صرف مولانا اشرف علی تھانوی کی صحبت میں رہے بلکہ حضرت صاحب نے آپ کو اپنا خلیفہ یعنی جانشین بھی مقرر کیا اور بہت عرصہ ان کے ساتھ "تھانہ بون" انڈیا میں رہے۔ 1952ء میں آپ کی رحلت کے بعد سے درس و تدریس کی ذمہ داری آپ کے بیٹے جناب سید مقصود الرحمٰن نے سنبھال لی ہے اور یوں علم کی وجہ سے اپنے پورے خاندان اور علاقے کی لاج رکھی۔

اسی طرح اس خاندان کا ایک اور سپوت سید مفرح شاہ اپنے سیاسی اور سماجی کارناموں کی وجہ سے کافی مشہور رہے ہیں۔ اب بھی اللہ پاک کا احسان ہے کہ پورے علاقے میں آپ کو اسی خاندان کے افراد، تعلیم اور ملازمت میں سب سے آگے نظر آئیں گے۔ ان میں کئی انجینئر، ڈاکٹر، سائنس دان، پروفیسر، بینکر اور دوسرے نہایت اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد شامل ہیں۔ حکومت کے اعلیٰ عہدوں پر بھی آپ کو اس خاندان کے زیادہ تر لوگ نظر آئیں گے۔ 1965ء کی جنگ کا پہلا شہید لیفٹننٹ سید حبیب الرحمٰن کا تعلق بھی اسی خاندان سے تھا۔ آج بھی لاہور چھاونی میں ایک سڑک کا نام ان سے منسوب ہے۔ اسی وجہ سے اس خاندان کو پورے علاقہ میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

سید عطاء الرحمن شاہ صدر
فقط انجمن اخون خیل و معتقدین اخون پنجو بابا،
دوبیان، ضلع صوابی (مردان)۔
NWF.P

تذکرہ

الحاج سیّد عبدالودود شاہ صاحبؒ اخون خیل

(ایک مردِ مجاہد کا ایمان افروز تذکرہ جو ایک طرف بلند پایہ عالمِ دین ہے دوسری طرف اپنے تقویٰ کی بناء پر علاقے کا قاضی)

یہ دنیا اپنے وجود سے تغیر پذیر ہے۔ یہاں کسی کو بھی ثبات نہیں۔ لوگ آتے اور چلے جاتے ہیں مگر اس دنیا میں کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی رحلت زمانے کو سوگوار کر دیتی ہے لاکھوں آنکھیں ان کیلئے اشکبار ہوتی ہیں۔

آنے مشتاق گئے وعدہ فرما کر

اب انہیں ڈھونڈو چراغِ زیبا لیکر

ایسے ہی شب زندہ داروں میں سے ایک بلند پایہ ہمت صفت شخصیت الحاج سید عبدالودود شاہ صاحب اخون خیل محترم شاہ صاحب صوابی کے ایک مشہور گاؤں دوبیان Dobian پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے والد مولانا عبدالرحمان صاحب سے حاصل کی۔ اور اس کے بعد حصول تعلیم کیلئے آپکو دیوبند کی طرف ہجرت کرنی پڑی۔

آپنے درس نظام کی تکمیل دارالعلوم دیوبند ہی سے کی اور پھر کچھ عرصہ کیلئے دیوبند میں مدرس رہے شاہ صاحب کا جتنا لگاؤ علوم وفنون کی طرف تھا۔ اس سے بڑھ کر آپکا شوق تصوف کے میدان میں بھی کسی سے کم نہ تھا۔ آپ نے تھانہ بھون میں جناب مولانا اشرف علی تھانویؒ کی خدمت اقدس میں پیش ہوئے۔ اور وہاں سکونت اختیار کی۔

حضرت کا زیادہ شفقت اور محبت الفت کی وجہ سے کم آتے تھے۔ اور زیادہ وقت آپکی خدمت میں گزارتے۔ یہی وجہ ہے کہ خود اشرف علی تھانویؒ نے آپ کو اپنا خلیفہ یعنی جانشین بنایا۔ اور یوں تصوف کے میدان میں آپ خلفاء علم اور تصوف کے میدان مجاز تھانوی میں شامل ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ نے آپکو علم اور تصوف کے ساتھ ساتھ اعلیٰ اخلاق حمیدہ گفتار سے نوازا تھا۔ انسانوں میں کہا کہ آپ جنات کے بھی استاذ تھے۔

آپ بچوں پر خصوصی شفقت کیا کرتے۔ کچھ خصوصی نوازش کرتے۔ اور یہی وجہ تھی کہ جب بھی کسی کو پیسے دینے کا ارادہ کرتے۔ تو جیب سے پیسے نکال کر دیتے تھے۔ اگر کوئی حضرت کے جیب سے پیسے خود نکالنے کی کوشش کرتا۔ تو ناکام ہوتا۔ لیکن حضرت جب بھی ہاتھ ڈالتے جیب میں تو بچوں کیلئے دس پیسے نکل آتے۔ چاہے بچے ۱۰۰ کے تعداد میں کیوں نہ ہو۔

اپنی تقویٰ کے بناء پر علاقے کے قاضی تھے۔ اور آپ نے علاقے میں علوم کا رواج عام کر دیا۔

علاقے کے نامور علماء آپکے شاگرد رہے۔ ایک دفعہ گھر میں چور داخل ہونے۔ سب کے سب اندھے ہو گئے تھے۔ لیکن حضرت کی

خصوصی دعاؤں سے اللہ تعالیٰ نے ان چوروں کو دوبارہ آنکھیں دی۔ آپ نے ان سے عہد لیا کہ چوری نہیں کرو گے۔ اور معاف کر دیئے۔ آپ کے پانچ بیٹے حافظ قرآن، قاری قرآن اور عالم باعمل ہیں۔ بڑا بیٹا حافظ سید عبدالقدوس شاہ صاحب بہترین عالم تھے جبکہ دوسرا بیٹا مولانا سید مقصود الرحمان شاہ صاحب جامعہ اشرفیہ اور بنوری ٹاؤن جیسے مدارس میں مدرس رہے۔ تیسرے بیٹے پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہے جس نے ابو حنیفہ تکیہ لگا کر محراب رحمت خانہ کعبہ میں بیٹھے تھے۔ وہاں ۱۹۷۳ سے الحاج سید عبدالمعبود شاہ صاحب تشریف رکھتے ہیں۔ اور لوگوں کو تصوف کے علوم سے مالا مال کرتے ہیں۔ انہی کے نقش قدم پر چل کر مولانا سید مقصود الرحمان کے چار بیٹے ہیں۔ اور چاروں عالم فاضل اور بہترین قاری ہیں۔ جس میں سے نمایاں بڑا صاحبزادہ سید عطاء الرحمان صاحب پاک آرمی میں خطیب ہیں۔ جنہوں نے بنوری ٹاؤن اور حقانیہ سے فراغت حاصل کی۔ یونیورسٹی آف پشاور سے عربیک اور اسلامیات میں ماسٹر کیا۔ خدا تعالیٰ سے دعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ الحاج عبدالودود شاہ صاحب کے درجات بلند فرمائیں۔ اور ان کا سایہ ہمیشہ آپ کے خاندان کے نامور سپوتوں پر رہے۔ آمین۔

امانت خان گڑیالوی

پیش لفظ

میں نہ تو ادیب ہوں اور نہ ہی کبھی تصنیف و تالیف سے تعلق رہا ہے مگر دل میں ہر وقت خواہش رہتی تھی کہ اپنے بزرگوں سے متعلق معلومات حاصل کروں۔ حسن اتفاق سے پشتو ابیات کی شکل میں ایک کتاب نظر سے گزری جو اخوند پنجو صاحبؒ کے حالات سے متعارف تھی۔ جیسے جیسے پڑھتا جاتا تھا شوق اور معلومات میں اضافہ ہوتا رہا۔ مصنف کا نام صاجزادہ محمد حنیف ہے جو چوتھی پشت میں جاکر ہمارے رستم کے باباجی حاجی اکبر صاحب کے علمزاد بھائی ہیں۔ اس نے اصل کتاب تورڈھیر کے صاجزادہ عبدالعزیز صاحب سے حاصل کی تھی جو فارسی زبان میں لاہور کے شمس العلماء نے تحریر کی تھی۔

اکبرپورہ کے ایک فصیح اللسان شاعر ابو سعید عرف خاکی نے صرف سید عبدالوہاب اخوند پنجو صاحبؒ کے حالات فارسی اشعار کے طرز پر لکھ کر علیحدہ کتاب کی شکل میں پیش کی۔ میاں صاحب (صاجزادہ محمد حنیف) نے 1198ھ میں اخوند پنجو صاحبؒ کی وفات کے ایک سو چھپن (156) سال بعد اس کو پشتو ابیات میں ترجمہ کر کے پیش کیا تاکہ باباجی کی اولاد اور معتقدین اس سے استفادہ کر سکیں۔

چونکہ آج کل اکثر لوگ پشتو تحریر اور خصوصاً ابیات کو سمجھنے میں دقت محسوس کرتے ہیں اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ اس کو آسان اردو نثر میں لکھوں تاکہ باباجی کی اولاد اپنے شجرہ نسب اور پیران طریقت کے سلسلے کو سمجھ سکیں اور باباجی کی کرامت اور زندگی کے چیدہ چیدہ حالات سے روشناس ہو سکیں۔ میں بھی اسی گمنام اولاد میں شامل ہوں جن کو باباجی سے اپنے تعلق کا ذرہ بھر شائبہ بھی نہیں تھا۔ ؏

گر قبول افتد زہے عز و شرف:

احقر

صاجزادہ حبیب الرحمن

موضع گڑیالہ۔ تحصیل و ضلع مردان

باب اول

سید عبدالوہاب اخوند پنجو صاحب کے ابتدائی حالات

سلطان شہاب الدین غوری کے زمانے میں باباجی کے آباؤاجداد عرب سے ہندوستان آئے اور مراد آباد کے نزدیک سنبھل گاؤں میں رہائش پذیر ہوئے۔ ان کے دادا صاحب السید کیداد شاہ کو وہاں کے حالات پسند نہ آئے اور اپنے بیٹے السید غازی شاہ کے ساتھ ہندوستان سے ہزارہ کے راستے علاقہ یوسف زئی میں داخل ہوئے۔ شاہ منصور اور ڈاگئی کے درمیان گجوتر کئے گاؤں میں مقیم ہوئے۔ یہاں کا سردار گجوخان تھا جو شاہان وقت سے باغی رہتا تھا اور علاقے میں اپنے رسم ورواج کے مطابق حاکمیت کرتا تھا۔ سید غازی بابا کے حسن واخلاق' عبادت اور ریاضت کی شہرت دور دور تک پہنچی۔ حضرت صالح محمد (دیوانہ بابا) بونیر سے ملاقات کے لئے آئے تھے اور آپ کے اوصاف حمیدہ سے بہت متاثر ہوئے۔ ان کی پھوپھی کا ابھی تک نکاح نہیں ہوا تھا ان سے حالات بیان کئے تو وہ سید غازی بابا کے ساتھ نکاح کرنے پر آمادہ ہوئی۔

ان دنوں علاقے میں سخت قحط سالی تھی۔ لوگ سخت پریشان تھے۔ بارش کا نام ونشان نہ تھا۔ فصلیں تباہ وبرباد ہو رہی تھیں۔ مغل شہنشاہ ہمایوں کا وقت تھا۔ 945 ہجری کا سال تھا کہ رات کو سردار گجوخان نے خواب دیکھا کہ موسلا دھار بارش برس رہی ہے۔ ملک سرسبز وشاداب ہو گیا ہے۔ لوگوں کی مرادیں پوری ہو رہی ہیں اور ایک بابرکت بچہ پیدا ہوا ہے جو صاحب عظمت وکرامت ہے۔ گجوخان کی آنکھ کھلی تو دیکھا کہ واقعی بارش برس رہی ہے اور ملک کا نقشہ بدل گیا ہے۔

چونکہ گجوخان علاقے میں بچے کی پیدائش پر پانچ روپیہ جحرہ ٹیکس وصول کیا کرتا تھا جو لوگوں کی استطاعت سے زیادہ تھا۔ اس لئے اکثر لوگ بچے کی پیدائش کو خفیہ رکھتے تھے۔ گجوخان نے اپنی کنیزوں کو بلا کر ہدایت کی کہ رات کو پیدا ہونے والے بچے کی فوراً نشاندہی کر کے اطلاع دی جائے۔ ایک کنیز نے سید غازی شاہ کے گھر بچے کی ولادت معلوم کر کے گجوخان کو مطلع کیا۔

اسی رات اسی علاقے میں ایک خدارسیدہ فقیر نے بھی خواب دیکھا کہ گجوخان تر کئے گاؤں میں ایک باکمال بچے کی ولادت ہوئی ہے جس سے زمین اور آسمان روشن ہیں اور مادرزاد صاحب کرامت ولی ہیں۔ وہ اس خواب سے سخت پریشان تھا کہ اس کو غیب سے آواز آئی کہ گجوتر کئے میں غوث زماں کی ولادت ہوئی ہے۔ وہ ملاقات کے شوق میں چلتا ہوا سید غازی بابا کے مکان پر پہنچا اور اسی وقت سردار گجوخان حاضر خدمت ہوا۔ چونکہ سید غازی بابا کے پاس پانچ روپے نہیں تھے اس لئے دونوں کے سامنے بچے کی پیدائش سے لاعلمی کا اظہار کیا۔ مگر گجوخان نے پورے حالات بیان کر کے سید غازی بابا کو قائل کیا اور جب یہ معلوم ہوا کہ پانچ روپے نہ ہونے کی وجہ سے بچے کی پیدائش مخفی رکھی گئی تو اسے بہت افسوس ہوا۔ اور اسی وقت یہ رسوائے زمانہ ٹیکس معاف کر دیا جس سے علاقے کے لوگوں کو اطمینان حاصل ہوا۔ ساتھ ہی دوسری بری رسومات ختم کرنے کا بھی اعلان کیا۔

گجو خان ترکئے سے ہجرت

958ھ میں اخوند پنجو بابا کی عمر تقریباً چودہ سال تھی کہ آپ نے گجو خان ترکئی کے ایک مولوی کو بعد از وفات خواب میں دیکھا کہ وہ سخت عذاب میں مبتلا ہے۔ آپ نے اس سے وجہ دریافت فرمائی تو ملا مسک نے عرض کیا کہ میں دنیا میں عشر زکوۃ ادا نہیں کرتا تھا اور بڑی وجہ یہ ہے کہ گجو خان بادشاہ وقت کا باغی ہے اس کے ساتھ زندگی گزارنے کی سزا ملی ہے۔ باباجی خواب سے بیدار ہوئے تو سوچا کہ عشر زکوۃ کی ادائیگی کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیونکہ بے مال و اسباب ہوں۔ البتہ گجو خان کے ساتھ رہائش کی سزا مجھ پر بھی لاگو ہوتی ہے۔ لہٰذا اپنے والدین دادا بھائی کے ساتھ وہاں سے کوچ کر گئے اور گدر محمد علی کو مشک کے ذریعہ پار کر کے مصری پورہ پہنچے۔ جہاں آج کل آپ کا مزار شریف ہے یہاں سبزہ زار اور جنگل تھا۔ مویشیوں کے لئے چراگاہ تھی اس لئے یہ جگہ پسند آئی اور مقیم ہو گئے۔ ابھی تک اکبر پورہ کی آبادی کا نام و نشان تک موجود نہ تھا البتہ اس مقام کو چار باغ کہا کرتے تھے اس وقت پشاور کا حاکم ہمایوں بادشاہ کا بھائی مرزا کامران تھا اور رعایا اس کی وفادار تھی۔

مصری پورہ (اکبر پورہ) سے چوہا گجر روانگی

مصری پورہ میں چند ماہ قیام کے بعد آپ کا قافلہ پشاور کے نواحی گاؤں چوہا گجر چلا گیا کیونکہ وہاں کے لوگ مالدار تھے اور دودھ دہی بیچنے کا کاروبار کرتے تھے۔ مویشی بکثرت پالتے تھے اور ان کے لئے وسیع چراگاہ موجود تھی۔ باباجی کے پاس بھی کافی مال مویشی تھے۔ اس لئے یہاں مقیم ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو گئے۔

چوہا گجر میں انوکھا واقعہ

پشاور کے حاکم کے اہلکار چوہا گجر سے دودھ کے گھڑے بھر کر حاکم کے لئے لے جایا کرتے تھے اور اس کام کے لئے لوگوں سے بیگار کروایا کرتے تھے چنانچہ ایک دفعہ اخون پنجو بابا بھی بیگار میں پکڑے گئے اور دودھ کا بھرا ہوا گھڑا آپ کے سر پر رکھ دیا گیا۔ جب آپ چل پڑے تو گھڑا آپ کے سر سے اوپر اٹھ کر چل پڑا۔ اہلکاروں نے آپ کو چاروں طرف سے گھیر کر گھڑا دوبارہ آپ کے سر پر رکھا مگر چلنے پر وہ پھر اوپر چلا گیا۔ اسی طرح چار مرتبہ کوشش کے باوجود گھڑا آپ کے سر پر قائم نہ رہ سکا۔ اہلکاروں نے آپ کو کریدا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے مگر آپ نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ اہلکار غمزدہ اور شرمندہ ہوئے اور آپ کے پاؤں پکڑ کر معافی کے خواستگار ہوئے۔ آپ نے بہت اصرار کے بعد ان کو معاف کر دیا اور واپس چوہا گجر پہنچے۔ اس واقعہ نے لوگوں کو بہت متاثر کیا اور اس کے بعد آپ کو نذرانے پیش کرنے کے لئے حاضری دیا کرتے تھے۔ نذرانوں میں اس قدر مال مویشی آنے لگے کہ اکثر ناسمجھ لوگ آپ کو گوجر سمجھنے لگے حالانکہ آپ خاندانی "حسینی سید" ہیں۔ آگے شجرہ نسب دیکھنے پر آپ کو صورت حال خود بخود معلوم ہو جائے گی۔

اخوند پنجو صاحبؒ کا حصول علم اور ریاضت

چوہا گجر گاؤں میں مقیم ایک عالم فاضل مولوی درس دیا کرتے تھے جن سے بہت سے لوگوں نے علوم وفنون حاصل کئے تھے۔ باباجی نے ان سے درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ جب پورے علوم پر دسترس حاصل کیا تو مزید تعلیم کے لئے ہندوستان کا رخ کیا اور حصول علم کی تلاش میں روہیل کنڈ جا پہنچے اور ' نامی گاؤں میں مقیم ہو کر علوم کی تکمیل کی اور پھر واپس چوہا گجر مراجعت فرمائی۔ واپسی پر دادا صاحب کا انتقال ہو گیا تھا۔ آپ نے چوہا گجر میں تیس سال عبادت وریاضت میں گزارے۔

باباجی اپنے والدین اور بھائی کے ہمراہ چوہا گجر سے شاہ ڈھنڈ منتقل ہو گئے جو قلعہ بالاحصار کے شمال میں ہے۔ یہاں وسیع چراگاہ تھی جہاں ان کے مال مویشی چرتے تھے اور آپ عبادت میں مشغول رہا کرتے تھے۔ دو سال کے بعد باباجی صاحب کے والد صاحب وفات پا گئے اور وہیں سپرد خاک کئے گئے۔ آج بھی ان کا مزار عقیدت مندوں کا مرکز ہے۔

والد صاحب سے تین صد روپے نقد اور مال مویشی ورثے میں ملے۔ یک صد روپے اپنے استاد کو اس کی ضرورت کے لئے دئے اور باقی سب خیرات کر گئے۔ اسی اثنا میں والدہ بھی رحلت کر گئی اور آپ اڑتالیس سال کی عمر میں 0990ھ میں اکبرپورہ کے شمال میں ایک کھجور کے درخت کے ساتھ عبادت خانہ بنا کر مقیم ہو گئے۔ بھائی بھی ساتھ تھا۔ ابھی تک آپ نے شادی نہیں کی تھی۔ دس سال تک یہاں عبادت کرتے رہے اور پھر اکبرپورہ گاؤں کے مرکز میں تشریف لائے اور یہاں مسجد تعمیر کر کے درس وتدریس میں مشغول رہنے لگے۔ پچاس سال تک ذکر اذکار اور تعلیم وتدریس کا سلسلہ جاری رہا اور ہزاروں کو علماء وفضلاء کے درجہ تک پہنچا کر دستار بندی فرمائی۔

اخوند پنجو صاحب کی بیعت اور مراتب

0991ھ میں سید علی صاحب المعروف بہ پیربابا' رحلت کر گئے اور یہ علاقہ غوثیت سے محروم ہو گیا۔ اس دوران حضرت جلال الدین تھانیری قطب زمانہ ہندوستان میں وفات پا گئے اور روحانی دنیا میں خلا پیدا ہو گیا۔ جلال الدین صاحب تھانیری کے مرید ابوالفتح کمباچی کو بشارت ہوئی کہ افغانستان کی طرف کوچ کرو چنانچہ وہ اکبرپورہ پہنچے اور بابا اخوند پنجوؒ سے ملاقات ہوئی۔ چشتیہ صابریہ طریقت پر باباجی نے ابوالفتح کمباچی سے 0993ھ میں بیعت کی۔ اور آپ نے باباجی کو دعا دی کہ اللہ تعالیٰ سید عبدالوہاب کو پانچ بادشاہوں کی طاقت سے نوازے چنانچہ پانچ بادشاہوں یعنی ہمایوں، شیر شاہ سوری، جلال الدین اکبر، جہانگیر اور شاہ جہاں کے دبدبے آپ کے اشاروں میں پھلتے پھولتے رہے اور آپ قطب کے درجے سے نوازے گئے۔

اکبرپورہ کی ابتدائی تعمیر

0961ھ میں ہمایون نے ایران سے چل کر ہندوستان پر حملہ کیا۔ راستے میں چارباغ کے پاس جنگل میں قیام کیا۔ یہ جگہ آب وہوا کے لحاظ سے موافق ثابت ہوئی اور ہمایوں کو بہت پسند آئی۔ ساتھ ہی ایک مجذوب نے بتایا کہ یہ مقام غوث زمان کا مسکن ہو گا لہٰذا حد بندی کر کے عمارت کی بنیاد ڈالی اور اپنے لڑکے جلال الدین اکبر کے نام پر اس مقام کا نام اکبرپورہ رکھا۔

منعم خان نے جو خان خانان کے نام سے مشہور تھا اس تمام چراگاہ کو آبادی میں تبدیل کر دیا۔

جلال الدین اکبر کی حاضری

0981ھ میں والئی پشاور شادمان نے بادشاہ کی اطاعت سے انکار کر دیا لہٰذا جلال الدین اکبر اس کی سرکوبی کے لئے آیا اور لڑائی میں قتل کر دیا گیا۔ اس کے بعد بادشاہ نے باباجی کی شہرت سنی تو بالا حصار قلعہ کے نزدیک باباجی کی قیام گاہ پر دعا کے لئے حاضر ہوا۔

0989ھ میں یوسف زئی قبیلے نے بغاوت کی اور تحریک تاریکیان کے لوگوں نے قبائلی علاقوں میں اثر ورسوخ بڑھا کر لوٹ مار کا بازار گرم کر دیا۔ والئی کابل مرزا محمد حکیم کی امداد کے لئے جلال الدین اکبر نے فوج کشی کی۔ اس وقت اخوند پنجو بابا اکبرپورہ کی کھجور مسجد میں قیام پذیر تھے۔ آپ کے دیدار اور دعا کے لئے بادشاہ حاضر ہوئے اور ملاقات کے بعد اپنی مہم کا آغاز کیا۔ اس وقت مرزا محمد حکیم وفات پا گئے اور کابل کے مسند کیلئے عبداللہ خان نے یوسف زئی قوم کی مدد سے فساد برپا کی۔ مگر اکبر بادشاہ نے سب فتنے ختم کر دیئے اور انتظام سلطنت کو مستحکم کرنے کے بعد مظفر و منصور واپس چلا گیا۔*

اخوند پنجو صاحبؒ کے خاص خاص مریدوں کا حال

میاں علی صاحب شیرپاؤ گاؤں کے خوانین میں سے تھے۔ اصل نام علی خان تھا۔ سب کچھ چھوڑ کر باباجی صاحب کے پاس اکبرپورہ تشریف لے آئے اور عبادت و ریاضت میں اس قدر ترقی کی کہ باباجی کے خلیفہ اول بن گئے۔ یہاں نام میاں علی ہوا مگر باباجی آپ کو شیخ جی کہہ کر پکارتے تھے۔ آپ باباجی کے ہمراز تھے۔ بہت بلند مرتبے کے ولی تھے مگر لوگوں سے اپنے آپ کو پوشیدہ رکھتے تھے آپ کے فرزند ارجمند شیخ عبدالرحیم نے بھی اپنے والد سے بلند مرتبہ حاصل کیا اور باباجی کی جملہ کرامات اور اوصاف اپنے والد سے معلوم کئے جو اس کے لڑکے حافظ محمد سعید نے فارسی زبان میں "خاکی" کے لقب سے اشعار کی شکل میں رقم کئے۔ اس کو زمانہ بعد میں صاجزادہ محمد حنیف نے پشتو اشعار میں ترجمہ کیا۔ جس کی بنیاد پر یہ کتاب لکھی گئی۔

2۔ اخون سالاک صاحب کابل گرام کے تھے۔ آپ جنون کی حد تک جہاد کے شوقین تھے باباجی کی خدمت میں دعا اور توشہ جہاد کے حصول کے لئے حاضری دیتے تھے اور آپ کی اجازت سے ہر محاذ پر جہاد کے لئے پہنچ جاتے تھے۔ آپ کابل گرام (ترکستان) میں کافی جائیداد چھوڑ کر باباجی کی خدمت میں حاضر رہنے لگے۔ ساری عمر جہاد تزکیہ نفس اور عبادت میں گزاری۔ آپ نے چار مفید کتابیں لکھ کر چھوڑی ہیں۔ ایک کتاب کا نام "مناقب اخون پنجو" ہے جس میں باباجی کے حالات مفصل بیان کئے ہیں۔

ایک کتاب کا نام "بحر الانساب" ہے جس میں افغانوں، مشائخ اور سادات کے شجرہ نسب اور واقعات ہیں۔ مشہور اور سب سے مفید کتاب "فتاویٰ غریبہ" ہے جس سے علماء نے استفادہ کیا ہے اور دین کے متعلق کیمیاوی نسخے درج ہیں۔ ایک کتاب صرف غزوات پر لکھی ہے جس میں مختلف محاذوں کے قیمتی حالات غزوات محفوظ ہیں۔

اخون سالاک بونیر، ڈیکلئی، الائی، چیلاس اور ترکستان کے کافروں سے جہاد کرتا رہا اور اسلام سے مشرف کروا کر کابل گرام تک پہنچا اور وہیں وفات پا کر مدفون ہوا۔ آپ کی اولاد بونیر اور ترکستان میں پھیلی ہوئی ہے۔

3۔ ایک صاحب کاکا صاحبؒ کے والد تھے۔ باپ کا نام مست صاحب اور دادا کا نام غالب صاحب ہے۔ ترکستان سے آ کر خٹک قبیلے میں آباد ہو گئے اور اخون پنجو کے خاص مریدوں میں شامل ہو گئے۔ ایک رات خواب میں دیکھتا ہے کہ دونوں طرف سے پانی مل رہا ہے اور اس

سے جھاگ اٹھ رہی ہے اور یہ جھاگ اوپر چڑھ رہی ہے۔ باباجی سے خواب کی تعبیر بیان کی تو آپ نے بچے کی پیدائش کی خوشخبری دی اور فرمایا کہ یہ بچہ بہت سعادت منداور بالحال ہو گا۔ اور شہرت میں آپ سے بہت بڑھ جائے گا۔ چنانچہ آپ گھر تشریف لے گئے۔ بچہ پیدا ہو چکا تھا۔ آپ بچے کو اٹھا کر باباجی کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے بچے کو دعائیں دیں اور نام رحمکار رکھا۔ خٹک "کاکا" بزرگ کو کہتے ہیں۔ اس لئے بعد میں آپ کاکا صاحب" کے نام سے مشہور ہو گئے۔ ایک صاحب نے باباجی کو سات گز کھدر اور ایک سفید مرغ نذرانے میں پیش کیا اور یہی نذرانہ کاکا صاحب" کے نواسے باقاعدگی سے ادا کرتے رہے۔

4۔ شیخ **رحمکار** کاکا صاحب" جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ آپ مادر زاد ولی تھے۔ آپ نے اخون پنجو صاحب" کی خدمت میں رہ کر تعلیم و تربیت حاصل کی اور آپ کے خاص مریدوں میں شامل ہو گئے۔ عبادت و ریاضت میں اس قدر مستغرق رہتے تھے کہ آپ کا رنگ پیلا پڑ گیا۔ اس لئے کچھ لوگ آپ کو "پیلابابا" کے نام سے پکارتے تھے۔ خوشحال بیگ خٹک قوم کا سردار تھا جو ادیب شاعر کے علاوہ ایک بہادر اور جنگجو لیڈر تھا۔ مغل سلطنت کا مخالف تھا اس لئے اورنگ زیب بادشاہ سے برسرپیکار رہتا تھا۔ کاکا صاحب" بھی اس کی دل آزاری سے نہ بچ سکا۔ ایک دفعہ مغل شہنشاہ اورنگزیب نے پکڑ کر گوالیار کے قلعہ میں قید کر دیا۔ لمبی قید کے بعد چھٹکارا ملا مگر دن کو سفر کرتے ہوئے شام کو واپس قلعہ گوالیار پہنچ جاتا۔ شیخ **رحمکار** کی کرامت کا قائل ہوا اور یہ شعر زبان پر آیا۔

زۂ په بند د اورنګ نۂ یم چه به خلاص شم
زۂ بند کړے شیخ **رحمکار** زمری کاکا یم

ترجمہ: یعنی میں اورنگزیب کا قیدی نہیں ہوں کہ چھوٹ جاؤں گا۔ مجھے تو شیخ **رحمکار** شیر نے قید کر رکھا ہے" خوشحال خٹک کا بھائی چنبل بیگ جس کا اصل نام جمیل بیگ تھا۔ شیخ بابر بابا اور مرزا گل بابا آپ کے خاص مریدوں میں سے تھے۔

5۔ اخون موسیٰ بٹی کوٹ۔

6۔ عبدالغفور بوڈا بابا علاقہ خلیل۔

7۔ میاں عثمان صاحب اور

8۔ حاجی میاں فریدالدین صاحب دونوں باباجی کے فرزند تھے اور صاحب مراتب مریدوں میں سے تھے۔

اخون پنجو صاحب کا طریقہ عبادت و ریاضت

اخون پنجو باباکی عمر 96 سال تھی۔ 14 سال کی عمر میں **گھوترہ** کئے چھوڑا۔ دو سال مختلف مقامات پر گزارے۔ تیس سال تک چوہا گجر اور شاہ ڈھنڈ میں ریاضت، عبادت اور مشقت میں گزارے اور قطب کے درجے تک پہنچے۔ پچاس سال تک اکبرپورہ میں درس و تدریس، ذکر اذکار، چلہ کشی، ریاضت و عبادت میں گزارے اور غوث زمان کا مرتبہ ملا۔ حال یہاں تک پہنچا کہ اللہ تعالیٰ کی تجلیات میں مستغرق رہتے تھے اور دنیا و مافیا کا کچھ پتہ نہیں ہوتا تھا۔ اذان کی آواز سے بیداری نہیں ہوتی تھی لہٰذا میاں علی صاحب آپ کو کندھے سے ہلا ہلا کر حق حق کے نعرے لگاتے تھے اور جب آپ بیدار ہوتے تھے تو فرماتے شیخ جی اپنی حاجت بیان کرو کیا چاہتے ہو، میاں علی صاحب عرض کرتے کہ باباجی نماز کا وقت ہو

چکا ہے آپ کا انتظار ہے۔ اس کے بعد اٹھ کر جماعت میں شامل ہو جاتے جب ذکر واذکار شروع ہوتی تو سننے والے مدہوش ہو جاتے تھے اور ان پر وجد طاری ہو جاتی تھی۔ بے دین خود بخود حاضر ہو کر اسلام قبول کرتے۔ جب درس و تدریس کا علم ہوتا تو آپ اسلام کے بنیادی پانچ ارکان پر مضبوطی سے قائم رہنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ جب راز و نیاز کا وقت ہوتا تو آپ قرب وجوار سے بے نیاز ہو کر استغراق میں چلے جاتے۔ وعظ و نصیحت کے وقت بڑے بڑے علماء و فضلاء آپ سے استفادہ کرتے تھے اور حل طلب مسائل بڑے آسان اور موزوں پیرایہ میں سمجھایا کرتے تھے۔ آپ چشتیہ صابریہ طریقت پر تھے۔

آپ کے اکثر مرید سرود کے رنگ میں اپنے جذبات سے بے قابو ہو کر کمالات کا اظہار کیا کرتے تھے' مثلاً اخون سالاک صاحب جہاد کے لئے سامان جمع کرنے کی غرض سے اپنے پیر بھائیوں سے امداد طلب کر رہے تھے ایک دفعہ چنبل بیگ فقیر (اصل نام جمیل بیگ تھا) کے پاس پہنچ گئے اور ان سے امداد طلب کی۔ اس نے اپنے مریدوں سے سرود بجانے کے لئے حکم دیا۔ اخون سالاک صاحب ناپسندیدگی سے یہ سب کچھ خاموشی سے دیکھ رہے تھے۔ اچانک فقیر پر وجد طاری ہو گیا اور پتھر' کنکر جو وہاں پڑے تھے کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ اٹھاؤ جس قدر تمہیں ضرورت ہے۔ اخون سالاک صاحب نے دیکھا کہ وہ اشرفیوں کا ڈھیر ہے۔ خاموشی سے ایک ہزار اشرفی اٹھا کر چلا گیا۔

تاریکی فرقہ اور فسادات

وزیرستان کے ارمڑ قبیلہ میں عبداللہ نامی عقائد فاسدہ اختیار کر گیا۔ اس کا بیٹا پیر تاریکی بازیر فسق و فجور اور باطل عقائد میں دور دور تک مشہور ہو گیا۔ سادہ لوح قبائلی اور بدنام لوگ اس کے گرد جمع ہونے لگتے یہ چار زبانوں یعنی عربی' فارسی' پشتو اور ہندی کا عالم تھا اور عقائد خبیثہ میں کتابیں لکھ کر لوگوں کو گمراہ کرتا تھا۔ پیر بابا' اور اخون درویزہ بابا' نے علاقہ ہشت نگر کے مقام گلہ ڈھیر پر مل کر بہت سمجھایا مگر بے اثر ثابت ہوا۔ علاقے میں بدامنی پھیل گئی اور ڈاکہ زنی کا بازار گرم ہو گیا کابل کے مغل صوبہ دار محسن خان نے سرکوبی کی۔ لڑائی میں بازیر زخمی ہو گیا مگر جانبر نہ ہو سکا۔ غرضیکہ اس تحریک کو پورے طور پر ختم کرنے کی کوشش کی گئی مگر ان کی اولاد میں ایک جعلی پیر سرمست بن سید احمد اس باطل تحریک کی سرپرستی کرتا رہا اور اخون پنجو" کے خلاف لوگوں کو ورغلاتا رہتا تھا۔

اخوند پنجو کے لقب کی وجہ تسمیہ

راوی اپنی کتاب میں مختلف موقعوں پر تین وجوہات لکھتا ہے جن کو یکجا کر کے قارئین کی آسانی کے لئے درج کرتا ہوں۔

1۔ آپ کے پیر ابوالفتح کیاجی نے آپ کو بشارت دی کہ تم پانچ بادشاہوں کی طاقت کے برابر ہو گے آپ نے 96 سال کی عمر کے دوران ہمایوں' شیر شاہ' جلال الدین اکبر' جہانگیر اور شاہ جہان کے ادوار حکومت میں اپنے روحانی جلال کو قائم رکھا اور سب آپ کی بزرگی اور مرتبے کو بسر و چشم تسلیم کرتے تھے۔

2۔ سرمست پیر تاریکی لوگوں کو ورغلاتا رہتا تھا کہ سید عبدالوہاب کی علمیت نہیں ہے صرف پنج بناء کی تلقین کرتا رہتا ہے اور پنجو کے علاوہ کچھ نہیں جانتا۔ یہ بات باباجی کو پہنچی تو بہت خوش ہوئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یہ نام مجھے بے حد پسند ہے مجھے اس نام کی شہرت عطا کر دے اور آپ کی دعا قبول ہوئی۔

3۔ ہندوستان میں ایک پیر صاحب اپنے مرید سے اس قدر بدظن ہوئے کہ اس کے لئے بے ایمان فوت ہونے کی بد دعا کی وہ نہایت پریشان ہوا۔ ہر ممکن کوشش کی کہ معافی مل جائے مگر مایوس ہوئے۔ آخر گھومتے پھرتے باباجی کی شہرت سنی اور آپ کے پاس اکبرپورہ پہنچے اور نہایت عاجزانہ پیرائے میں اپنے حالات سچ سچ بیان کئے۔ باباجی کو اس پر رحم آیا اور اس کے لئے ایمان کی سلامتی کی دعا کی۔ اس کا کشف اس پیر کو ہو گیا اور ہندوستان سے چل کر اکبرپورہ آئے اور باباجی سے بحث شروع کر دی مگر مطمئن نہ ہوا لہٰذا مسئلہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں پیش ہوا باباجی نے دلائل پیش کئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ صلعم ہم لوگ تو آپ کی امت میں اضافہ کیلئے ہیں نہ کہ آپ کے در سے محرومیت کے لئے۔ اس بندے میں خلوص اور محبت تھی اس لئے میں نے اس کے ایمان پر قائم رہنے کے لئے دعا مانگی۔ رسول پاک صلعم مسکرائے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا پانچ گنا ثواب عطا فرمایا ہے۔ یہ بھی پنجو کی ایک وجہ تسمیہ ہے۔

4۔ اخوند ایرانی لوگ استاد محترم کو کہتے تھے اور آپ علماء کے استاد تھے اس لئے پہلے سے آپ کو اخوند صاحب کے نام سے یاد کرتے تھے۔ بعد میں اس کے ساتھ پنجو کا اضافہ مندرجہ بالا تین وجوہات کی بناء پر کیا گیا۔

باب دوم

☆ اخوند پنجو صاحب کی چیدہ چیدہ کرامات

چند کرامات آپ کی زندگی میں منظر عام پر آئے جبکہ اکثر کا اظہار آپ کی وفات کے بعد آپ کے رفیق خاص میاں علی صاحب سے اس کے فرزند شیخ عبدالرحیم صاحب نے بیان کیا ہے اور حافظ محمد سعید' جو کہ شیخ عبدالرحیم کے فرزند تھے' نے کتابی شکل میں پیش کیں۔ میں ان میں سے چیدہ چیدہ کرامات کا ذکر صرف آپ کی دلچسپی کے لئے کر رہا ہوں۔

1- واقعہ جعلی پیر تاریکی سرمست۔

تاریکی فرقے کا پیر سرمست لوگوں میں مقبول عام تھا۔ اکبرپورہ کے لوگ نالہ باڑہ پر بند باندھ کر اپنی زمینوں کو سیراب کیا کرتے تھے۔ پانی کی تیزی کی وجہ سے بند باندھنا مشکل ہو گیا تھا اور فصلیں خراب ہو رہی تھیں۔ لوگ پیر سرمست کے پاس شکایت لے کر جمع ہو گئے۔ پیر سرمست نے کہا کہ ابھی میری کرامت معلوم ہو جائے گی کہ بند ٹھہرتا ہے یا نہیں۔ لوگوں سے بھنگ کے پودے کاٹ کر لانے کا حکم دیا اور نالے میں گاڑھ کر بند بنانا شروع کر دیا۔ پیر سرمست خود پودوں کے اوپر نالے کے درمیان کھڑا ہو گیا۔ جب بند کے نصف تک پانی پہنچا تو اچانک بند ٹوٹ گیا اور پیر سرمست گر کر ڈوبنے لگا مگر لوگوں نے باہر نکال کر بچالیا باباجی کو معلوم ہوا تو میاں علی کو اپنی عصا دیکر فرمایا کہ اسے بند کے بیچ کھڑی کر کے بند باندھو۔ میاں علی صاحب نے حکم بجالیا اور خدا کی قدرت سے بند کو قرار آیا اور لوگوں نے اپنی زمینیں سیراب کر لیں۔ اس سے باباجی کی شہرت ہوئی اور پیر سرمست مریدوں سمیت توبہ کر کے باباجی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس طرح تاریکی تحریک کا خاتمہ ہوا۔

2- ذکر الٰہی کا جوش و خروش اور ہندو براتیوں کا قبول اسلام۔

آپ ذکر الٰہی اپنے معتقدین کے ساتھ مل کر با آواز بلند لیا کرتے تھے جس سے لوگوں پر وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی تھی اور سننے والے بے دین خود بخود کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جاتے تھے۔ اس سے ہندوؤں میں گھبراہٹ پیدا ہوئی اور وہ باباجی کی مسجد والے راستے سے نہیں گزرتے تھے۔ ایک دفعہ علاقہ ہشت نگر سے ہندوؤں کی برات اکبرپورہ آئی۔ برات کو دوسرے راستے سے گزارا گیا مگر دس ہندو جو جوانی کی مستی میں سرشار تھے پیچھے رہ گئے تھے اور وہ باباجی کی مسجد والے راستے سے چلے آئے۔ جب مسجد کے پاس پہنچے۔ تو باباجی پر نظر پڑی اور مدہوش ہو کر گر پڑے۔ کچھ دیر بعد ہوش میں آ کر باباجی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے پاؤں چومتے ہوئے مشرف بہ اسلام ہو گئے اور وہیں پر باباجی کے نزدیک سکونت اختیار کر لی۔ ان کی اولاد اب بھی اکبرپورہ میں پراچگان کے نام سے موجود ہے جو نہایت متقی پرہیزگار اور پشت در پشت صالح چلے آرہے ہیں۔ ان میں شیخ اسلام الدین' شیخ سلطان' شیخ قطب الدین' شیخ حبیب اور شیخ محمد بخش قابل ذکر ہیں۔

3- باباجی کا ذکر الٰہی میں استغراق

حافظ محمد سعید صاحب اپنے دادا میاں علی صاحب سے راوی ہے کہ سردی کا سخت موسم تھا۔ لوگ لحافوں میں سردی محسوس کر رہے تھے اور آگ کی تمازت برائے نام تھی۔ میں بھی سخت سردی کی وجہ سے اٹھ گیا کیا دیکھتا ہوں کہ باباجی پسینہ میں شرابور ہیں۔ استغراق سے اٹھ

کرتاروجبہ کی طرف روانہ ہوئے۔ میں بھی سائے کی طرح ساتھ ساتھ چلتا رہا۔ اچانک ایک تالاب نظر آیا۔ باباجی تالاب کے کنارے بیٹھ کر ٹھنڈا پانی اچھالتے رہے اور نہایت خوش تھے۔ میں نے موقع کو غنیمت سمجھا اور عرض کیا کہ باباجی مجھ پر کچھ نظر عنایت فرمایئے۔ فرمایا شیخ جی آپ کہاں سے آئے! خبردار اس واقعہ کا ذکر زبان پر نہ لانا۔ منصور نے محبت کا جام نوش فرمایا تھا۔ اور محبت الٰہی نے ایسا مست کر دیا تھا کہ ضبط نہ کر سکا اور انا الحق کی صدا نے تختہ دار تک پہنچایا۔ دیکھو اللہ رب العزت نے ہماری کس قدر حوصلہ افزائی فرمائی ہے۔ یہ حوض اس کی مہمانی ہے جس سے ایک قطرہ بھی باہر نہ جاسکا۔ اس کے بعد مجھ پر نظر شفقت فرمائی اور خاص الخاص مرتبے پر فائز فرمایا۔ اس کے بعد واپس مسجد پہنچے اور صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد درس و تدریس میں مشغول ہو گئے۔

4۔ علاقے کے علماء کا امتحان

ایک دفعہ علاقے کے چیدہ چیدہ علماء جمع ہو کر باباجی کی مسجد میں آئے تاکہ ان کی علمیت اور کمالات کا امتحان لیا جائے۔ باباجی گھر میں تشریف فرما تھے جب کہ آپ کے فرزند میاں عثمان صاحب مسجد میں موجود تھے۔ علماء نے آپس میں مشورہ کیا کہ باباجی کے آنے پر ان کی تعظیم کے لئے کھڑے نہیں ہوں گے، بلکہ بدستور بیٹھے رہیں گے۔

میاں عثمان صاحب نے باباجی کو اطلاع دی۔ باباجی مسجد میں تشریف لائے تو سب علماء بے اختیار کھڑے ہو گئے۔ باباجی نے "لا الہ الا اللہ" کا نعرہ لگایا۔ جس سے سب علماء بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑے۔

نماز ظہر تک سب مدہوش پڑے تھے۔ ظہر کے وقت میاں علی صاحب نے جرأت کر کے باباجی سے عرض کیا کہ یہ لوگ زمین پر بے سدھ پڑے ہیں۔ یہ علم کی ہتک ہے۔ عوام الناس کو علماء سے نفرت ہو جائے گی۔ لہٰذا معافی کی درخواست کرتا ہوں۔ اس پر باباجی نے "یا اللہ" کا نعرہ لگایا اور سب علماء ایسے بیدار ہوئے جیسے نیند سے سویا ہوا آدمی جاگتا ہے۔ باباجی نے نماز ظہر میں شامل ہونے کی تلقین کی۔ بعد نماز باباجی سے اپنے گستاخانہ رویئے کی معافی مانگی اور صدق دل سے آپ کے خادموں میں شامل ہو گئے۔ ان کی دعا سے یہ سب قرآن کے حافظ اور مرد کامل بن گئے۔

5۔ مصیبت زدہ کی بروقت امداد (بحری جہاز کو غرقابی سے بچانا)

میاں علی صاحب سے روایت ہے کہ نماز ظہر کے بعد باباجی مراقبے میں مستغرق تھے کہ اچانک ان پر لرزہ طاری ہو گیا اور پسینے میں شرابور ہو گئے۔ آنکھیں اس قدر سرخ ہو گئیں کہ گویا بدخشان کے لعل ہیں اور فوراً خلوت خانے میں چلے گئے۔ میں سخت پریشان ہو گیا۔ صاف کپڑے لے کر خلوت خانے میں داخل ہو گیا۔ آپ کے کپڑوں سے پسینہ پانی کی طرح بہہ رہا تھا۔ باباجی میری پریشانی کو دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا کہ جدہ شریف کی طرف ایک مال بردار جہاز جا رہا تھا کہ راستے میں طوفان نے گھیر لیا۔ مخالف سمت سے طوفان نے جہاز کو اٹھا کر ایسا پھینکا کہ ایک چٹان سے ٹکرانے لگا۔ تاجر نے گھبراہٹ میں نعرہ بلند کیا کہ اے اکبرپورہ کے غوث! اللہ تعالیٰ سے میری سلامتی کی دعا مانگ لیجئے۔ میری تباہی

کے ساتھ لاکھوں کا مال بھی ضائع ہو رہا ہے۔ ساتھ ہی مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ سے حکم ملا کہ جہاز کو کندھا دے کر چٹان سے بچاؤ۔ میں نے حکم کی تعمیل کی۔ اس مشقت میں مجھے تکلیف اٹھانی پڑی مگر جہاز سلامت رہا۔

